سوال

خواب میں خود کو قبر میں لیٹے دیکھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ!

خواب میں خود کو قبر میں لیٹے دیکھا ہے اور اٹھ کر گھر آتا ہوں تو میرے بچے میرے ہاتھ نہیں آتے نہ ہی میری بیوی سب کچھ میرے ہاتھ سے نکل رہا ہے صرف میری بھابھی نے میری آواز سنی ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

خوابوں کی تعبیر کے حوالے سے ہمارے پاس کوئی ماہر معبر موجود نہیں ہے ، اس لئے ہم اس کی تعبیر پیش نہ کرنے پر معذرت خواہ ہیں ۔ آپ امام ابن سیرین کی کتاب تعبیر الرویا کا مطالعہ کریں، شاید اس میں سے آپ کو اس کی تعبیر مل جائے ۔ (اس کتاب کا لنک ہے) ویسے خوابوں کے حوالے سے یہ اصول ذہن میں رکھیں کہ اگر کوئی پریشان کن خواب آئے تو اٹھ کر نماز پڑھیں اور پھر وہ خواب کسی کو نہ بتائیں ۔ حدیث شریف میں ہے :

وَالرُّؤْيَا ثَلَاثَةٌ فَرُؤْيَا الصَّالِحَةِ بُشْرَى مِنَ اللَّهِ وَرُؤْيَا تَحْزِينٌ مِنَ الشَّيْطَانِ وَرُؤْيَا مِمَّا يُحَدِّثُ الْمَرْءُ نَفْسَهُ فَإِنْ رَأَى أَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ وَلَا يُحَدِّثْ بِهَا النَّاسَ (صحیح مسلم :2263)

خواب تین طرح کے ہوتے ہیں ۔ اچھا خواب اللہ کی طرف سے خوشخبری ہے , اور ایک خواب شیطان کی طرف سے غمزدہ کرنے کے لیے ہوتا ہے , اور ایک خواب آدمی کی سوچ کے مطابق ہوتا ہے ۔ لہذا جب تم میں سے کوئی شخص ایسا خواب دیکھے جو اسے ناپسند ہو تو وہ کھڑا ہو کر نماز ادا کرے اور لوگوں کو بیان نہ کرے ۔

مزید تفصیل کے لئے فتوی نمبر (2216) پر کلک کریں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ